1989ء سے مسلسل اشاعت | 28 تا 10 ستمبر 2020 | شمارہ نمبر 38-37 | جلد نمبر 32

# ہفت روزہ پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-

BMG
بزنس مین گروپ



خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر



محمد سلیم بکیا
چیئرمین

bmp
بزنس مین پینل

کی کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال

جناب محمد سلیم بکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

IBM™

ISO 9001:2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TJIWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board

pindo deli
paper products

Indah Kiat
Pulp and Paper Product

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital, Karachi. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-21-32627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

ATC
Source of Paper & Board

ATC Pakistan (Pvt) Ltd.

LABEL TAC®

Premium Quality Sticker Paper

5 Packets Inside - 100 Sheets in Each Packet Size : 20" x 30" MADE IN CHINA

FOR BOOKING PLEASE CONTACT

HEAD OFFICE: Room # 210, 2nd Floor, Europa Centre, Hasrat Mohani Road,Karachi-74000, Pakistan.
Ph: 92-21-32628027, 32628028 Cell: 0321-2888008Email: info@atcpakistan.net Website: www.atcpakistan.net

APP
中華紙業
ZHONGHUA-PAPER

IBM
ISO 9001:2008
CERTIFIED

# NINGBO GOLD

SGS ISO 14064 | PEFC | ISO9001 | ISO14001

## Coated Packaging Board

## ANNOUNCEMENT

**We are going to Lounge the new brand Ningbo Gold very soon**

**Ningbo Gold is a premium coated packaging board with a triple coating on the top side, giving it an excellent smoothness and good printability.**

**Ningbo gold has high ink absorbency and super surface characteristics, which makes it ideal for all premium quality book covers, cards, shopping bags and a wide range pakaging application.**

FIRST ISO 9001:2008 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

tjiwi kimia
paper products
www.tjikimia.co.id

# PAPER THAT WORKS EVERYDAY



## ART PAPER
- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



## PHOTOCOPY PAPER
- PAPERLINE GOLD
- INTEGRITE
- PAPERLINE
- AONE
- EXCELPRO

PAPERLINE GOLD | ExcelPro | MULTI PURPOSE PREMIUM PAPER PAPERLINE | a1ne



## WOODFREE PAPER
- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

ep EXTRAPRINT | ep pplus EXTRAPRINT | ep srw EXTRAPRINT



## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER
- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions | Ellustra DRAWING PAPER | enza | foopak | CONCORDE



## QUALITY STATIONERY ITEMS
- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS
MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



## OTHER PRODUCTS
- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

## FOR BOOKING CONTACT

IBM™
ISO 9001:2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**
First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

we Serve unique
& best quality paper
to build
on brand loyality

# BIKIYA PAPER MART

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINAR ROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia
paper products

CONTACT

Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

CONTACT

Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200
Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109





Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
**پبلشر حرا رؤف**
نے پرنٹ رعبد الغیور نارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 22 رنگین اور 18 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

**رابطہ افس**
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

**بانی: محمد رؤف**
**ایڈیٹوریل بورڈ**
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

**چارجز**
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک جوڑیا بازار مارکیٹ کراچی
A/c-No: 010256027140112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

قیمت: 70 روپے

# اپیما نے اسٹیکر کی ویلیوایشن رولنگ اجلاس سے قبل تمام فریقین کو اتفاق رائے کیلئے دعوت دی

## عابد نثار نے اجلاس طلب کیا، تمام فریقین کو فون اور پیغامات کے ذریعے مدعو کیا گیا لیکن چند فریقین شریک نہیں ہوئے، اپیما ترجمان

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے ترجمان نے بتایا ہے کہ آل پاکستان پیپر مرچنٹس کی درخواست پر کسٹم ویلیوایشن ڈپارٹمنٹ نے اسٹکر کی نئی ویلیوایشن رولنگ کیلئے 26 اگست کو اجلاس طلب کیا تاکہ چائنا انڈونیشیا اور دیگر ممالک کے اسٹکر پیپر کی کم ہونے والی قیمتوں کا فائدہ صارفین تک منتقل ہو سکے۔ اس سے قبل اپیما کی سینٹرل کمیٹی کے رکن عابد نثار نے جو خود بھی اس آئٹم کے فریق ہیں تمام فریقین کے اتفاق رائے سے مشترکہ لائحہ عمل مرتب کرنے کے لیے ایک اجلاس طلب کیا جس میں بار بار کی یاد دہانی اور دعوت کے باوجود اسٹکر کے اہم فریق اجلاس میں نہیں آئے۔ جس سے اپیما کے عہدیداروں کو خدشہ تھا کہ وہ پیپر مرچنٹس کے اتحاد کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں اور اجلاس میں ٹریڈرز کو نقصان پہنچائیں گے۔ بہر طور اجلاس میں موجود فریقین میں اس بات پر اتفاق ہوا کہ تمام ممالک کی قیمتیں 20 تا 25 فیصد کم ہوئی ہیں اور شرکا نے اپیما کو اختیار دیا کہ وہ موجودہ قیمتوں کی صورت حال میں تجاویز پیش کر دے۔ عابد نثار نے شرکا کو یقین دلایا کہ وہ رولنگ کو ڈیکلرڈ ویلیوز پر کرانے کی کوشش کریں گے۔ اپیما کے ترجمان نے کہا کہ اپیما کے عہدیداروں کا خدشہ 26 اگست کو کسٹم ہاؤس میں ہونے والی ویلیوایشن رولنگ کے اجلاس کے دوران درست ثابت ہوا جہاں اسٹیکر کے دیگر فریقین نے اپنی ویلیوایشن رولنگ کی قیمتوں پر بات کرنے کے بجائے آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کو نقصان پہنچایا اور اپنی غیر ذمہ دارانہ گفتگو کے ذریعے کسٹم حکام کو آگاہ کیا کہ اپیما پر ستمبر 2020 میں پابندی لگ جائے گی اور ہم نے ایسوسی ایشن پر 50 ہزار روپے جرمانہ کروادیا ہے اور انہوں نے ایسوسی ایشن کے لیے زہر اگلا۔ اپیما کے ترجمان کا کہنا ہے کہ یہ صورت حال انتہائی دکھ اور افسوس کا باعث بنی کیونکہ گزشتہ دو سالوں سے کراچی و لاہور کے چند افراد اپنے ذاتی مفادات کے حصول کے لیے اپیما کو زبردست نقصان پہنچا رہے ہیں کبھی وہ ایسوسی ایشن کو حلیم والوں کی ایسوسی ایشن کہتے ہیں کبھی پاکٹ ایسوسی ایشن اور اپیما کی حیثیت کو تسلیم نہیں کرتے۔ اپیما کے ترجمان نے کہا کہ ہم ان کو بار بار یہ بات کہہ چکے ہیں کہ اگر وہ ایسوسی ایشن سے مطمئن نہیں ہیں تو وہ فوراً حلیم ایسوسی ایشن کی ممبر شپ سے استعفیٰ دے دیں لیکن بجائے اس کے کہ وہ استعفیٰ دیں وہ اس سے چمٹے ہوئے ہیں۔ ترجمان نے آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے تمام ممبران کو آگاہ کیا کہ چند افراد کے ٹولے نے جعلی اور دھوکہ دہی کی بنیاد پر اپیما کو عدالتوں اور ڈی جی ٹی او کے پاس قانونی کارروائیوں میں الجھا رکھا ہے۔ جس سے ہماری ایسوسی ایشن کو بھاری مالی نقصان اٹھانا پڑا ہے جو ان ممبران کی محنت کی کمائی سے چلائی جا رہی ہے۔ اپیما کے ترجمان نے اراکین سے کہا کہ وہ ان عناصر کی گمراہ کن باتوں میں نہ آئیں اور ایسوسی ایشن محمد سلیم بیکیا کی رہنمائی میں ان کے مفادات کے تحفظ کیلئے بھرپور کام کر رہی ہے اور کرتی رہے گی۔

# اسٹیکر کی ویلیوایشن رولنگ کیلئے 26 اگست کو اجلاس کا انعقاد

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ڈپٹی ڈائریکٹر کسٹم ویلیوایشن ڈپارٹمنٹ شفیق احمد لکی کی صدارت میں سیلف ایڈہیسو اسٹیکر پیپر کی نئی ویلیوایشن کے تعین کے لیے ایک اجلاس 26 اگست بروز بدھ کو منعقد ہوا۔ اجلاس میں آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے سینئر وائس چیئرمین محمد انیس کے علاوہ انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ کراچی کے محمد سلیم بیکیا، ڈان کنورٹیک کراچی کے شہزاد اقبال اور مراد اقبال، ایم ایم ٹریڈرز کے محمود احمد پائی، ٹریڈ انٹر نیشنل لاہور کے بلال زاہد، اے ٹی سی پاکستان کے سی ای او اور اپیما کی سینٹرل کمیٹی کے رکن عابد نثار، اسٹار کنورٹر کے محمد نسیم سوہنی اور دیگر امپورٹرز نے شرکت کی۔ اجلاس میں فریقین کو مزید دستاویزات فراہم کرنے کی ہدایت کی گئی جس کی روشنی میں رولنگ جاری کی جائے گی۔ عابد نثار نے کہا کہ ہم نے تمام فریقین کے لئے قابل قبول ویلیوایشن کی تجویز پیش کر دی ہے امید ہے جلد رولنگ جاری ہو جائے گی۔

# حالیہ بارشوں کی تباہی سے ہونے والے نقصان کا ازالہ

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے تمام اراکین اور بزنس مین پینل کے تمام حامیوں کو ایک اعلامیہ کے ذریعے مطلع کیا گیا ہے کہ اس ہفتے ہونے والی شدید بارشوں سے پیپر مارکیٹ میں بھی بہت زیادہ نقصان ہوا ہے۔ اس سلسلے میں چیئرمین بزنس مین پینل محمد سلیم بیکیا کی صدارت میں ایک مشاورتی اجلاس ہوا ہے جس میں طے پایا ہے کہ جن اراکین کا حالیہ بارش سے نقصان ہوا ہے مارکیٹ کے اراکین کے تعاون سے اس کا ازالہ کیا جائے گا۔ لہٰذا وہ تمام اراکین جو اس نقصان کو برداشت کرنے سے قاصر ہیں اپنے نقصان کی تفصیلات اس سلسلے میں قائم کی گئی خصوصی کمیٹی کے اراکین کو آگاہ کر دیں تاکہ اس کے ازالہ کے لیے اہتمام کیا جا سکے۔ واضح رہے کہ نقصان سے آگاہ کرنے والوں کا نام صیغہ راز میں رکھا جائے گا۔ کمیٹی کے نام اور ان کے رابطہ نمبر ذیل میں دیئے جا رہے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | محمد سلیم بیکیا | 021-32627061-63 |
| 2۔ | محمد انیس نور محمد | 0300-2127195 |
| 3۔ | محمد اسلم جیلانی | 0321-8226212 |
| 4۔ | رضا شیخ | 0334-3444582 |
| 5۔ | وقاص دانش | 0333-2211351 |
| 6۔ | حاجی نور | 0321-2435062 |



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# کراچی پیپر مارکیٹ میں نقب زنی کی وارداتیں، بیک وقت چار دکانوں سے نقدی بمع "سیف" لے اڑے

کراچی (پیپر بزنس نیوز) 25 اگست 2020 کی صبح طیب جی روڈ اور فیض محمد فتح علی روڈ کو جانے والی معروف ترین گلی جس میں ڈان پیپر مارٹ اور آئی بی ایم کے دفاتر بھی واقع ہیں، میں نصف درجن افراد نے نقب زنی کرتے ہوئے صبح پانچ بجے چار دکانوں کے تالے توڑ کر نقدی لے کر فرار ہو گئے اور دکانوں کے فرنیچر کو نقصان پہنچایا۔ ایک دکان سے نقب زن پورا سیف ہی اٹھا کر لے گئے۔ واردات ایسے وقت ہوئی جب دکاندار بارشوں کی وجہ سے 24 اگست پیر کو بھی کاروبار کے لیے نہیں آئے تھے جبکہ اس سے قبل جمعہ 22 اگست کو کراچی میں ہونے والی تباہ کن بارش کے باعث ہفتہ 23 اگست کو بھی دکانیں نہیں کھول سکے تھے۔ 24 اگست کو اتوار تھا۔ علاقے کے رہائشوں کے مطابق نقب زنوں نے سب سے پہلے اسٹریٹ لائٹس کو کاٹا اس کے بعد واردت شروع کی۔ اطلاعات کے مطابق انہوں نے اپنی موٹر سائیکلیں ایک گلی فاصلے پر پارک کی تھیں۔ نقب زن کارنر پر واقع ایم یونس اینڈ کی دکن سے سیف ہی اٹھا کر لے گئے۔ اس کے بعد ڈان پیپر مارٹ میں واردات کی پھر اس کے برابر میں میسرز ناصر قاسم کی دکان کے تالے توڑ کر کارروائی کی اور ایک واردات ناصر قاسم کے سامنے اسٹاکو (انڈس) کی دکان میں کی وہاں سے بھی دراز ہی توڑ کر نقدی لے گئے۔ اہل محلہ کے مطابق 5 بجے صبح 15 پولیس پر اطلاع دی گئی جس کے بعد انہوں نے محل وقوع بھی پوچھا لیکن پولیس نہ پہنچ سکی۔ بعد ازاں پولیس اور رینجرز نے جائے وقوع کا دورہ کیا اور تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔

> اس شمارے کے ساتھ ابوظہبی سے درآمد شدہ **IPM** برانڈ **80** گرام، ووڈ فری آفسیٹ پرنٹنگ پیپر کا سیمپل بھی منسلک ہے

# ماڈل پیپر اینڈ بورڈ ملز کے تین ڈائریکٹر کی 9 ستمبر تک حفاظتی ضمانت منظور

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ماڈل کسٹمز کلکٹریٹ اپریزمنٹ ایسٹ کے شعبہ آر اینڈ ڈی نے پیپر کی آڑ میں چھالیہ سمیت دیگر اشیاء کی اسمگلنگ ناکام بناتے ہوئے گذشتہ ماہ تین ایف آئی آر نمبر ایک، دو اور تین / 2020 درج کرائی تھیں جس پر نامزد ملزمان میسرز ماڈل پیپر اینڈ بورڈ ملز لمیٹڈ کے تینوں ڈائریکٹرز ملک صفدر حسین، محمد اسحاق اور عبدالرزاق نے 26 اگست کو سندھ ہائی کورٹ سے 9 ستمبر تک حفاظتی ضمانت کرالی۔ جبکہ ایف آئی آر میں میسرز اعوان میری ٹائم ایجنسیز کے مالک افتخار احمد ملک کا نام بھی شامل ہے۔ کنسائمنٹ کی کلیئرنس میں کسٹمز افسران کے ملوث ہونے کے شواہد کی بھی نشاندہی ہوئی تھی۔ کلکٹر اپریزمنٹ ایسٹ انجینئر ریاض میمن نے خفیہ اطلاع پر میسرز ماڈل پیپر اینڈ بورڈ ملز کی جانب سے درآمد کئے گئے پیپر کے دو کنسائمنٹس میں پیپر کی بجائے چھالیہ، واٹر مارکر، پگمنٹ انک مارکر، پرنگل برانڈ چپس، ملک پیک سمیت دیگر اشیاء کی اسمگلنگ کی جا رہی ہے جس پر کلکٹر کی جانب سے پرنسپل اپریزر آر اینڈ ڈی کو ہدایات جاری کی گئی تھی کہ کنسائمنٹ کی کلیئرنس کو فوری طور پر روکا جائے۔ تاہم پرنسپل اپریزر اور دیگر افسران نے کنسائمنٹس کو روک کر اس کی دوبارہ جانچ پڑتال کی تو انکشاف ہوا کہ میسرز ماڈل پیپر اینڈ بورڈ ملز لمیٹڈ نے کلیئرنگ ایجنٹ کے ساتھ مل کر فائل کی جانے والی جی ڈی میں ٹیلی فون ڈائریکٹری پیپر ظاہر کیا تھا جبکہ کنسائمنٹس میں 81 ٹن چھالیہ کے علاوہ دیگر اشیاء برآمد ہوئیں جس پر دو کروڑ 30 لاکھ 30 ہزار روپے مالیت کے ڈیوٹی و ٹیکسز کی چوری کی جاری تھی۔ ذرائع نے بتایا کہ اپریزمنٹ ایسٹ نے کنسائمنٹس ضبط کرتے ہوئے ملزمان میں شامل میسرز ماڈل پیپر اینڈ بورڈ ملز لمیڈ کے ڈائریکٹر ملک صفدر حسین، محمد اسحاق اور میسرز اعوان میری ٹائم ایجنسیز کے مالک افتخار احمد ملک ک خلاف مقدمات درج کر لئے تھے جبکہ کسٹمز افسران کے ملوث ہونے کی نشاندہی بھی کی گئی ہے جس پر کلکٹر اپریزمنٹ ایسٹ نے ملوث افسران کے خلاف قانونی کارروائی کے احکامات بھی جاری کئے تھے تاہم ان کے خلاف کوئی تادیبی کارروائی نہیں کی گئی ہے۔

# انٹر بینک میں امریکی ڈالر 166.50 روپے کی سطح پر آگیا

کراچی (بزنس ڈیسک) مقامی کرنسی مارکیٹوں میں امریکی ڈالر کے مقابلے میں پاکستانی روپے کی قدر میں ریکوری کا سلسلہ منگل یکم ستمبر کو بھی جاری رہا اور گزشتہ ایک ہفتے میں ڈالر کی قدر میں ڈیڑھ روپے تک کی کمی آچکی ہے۔ 19 اگست کو ڈالر 168 روپے تک پہنچ گیا تھا، 2 ستمبر کو انٹر بینک میں امریکی ڈالر 166.50 روپے ہو گیا اور اوپن مارکیٹ میں 40 پیسے کی کمی سے 167 روپے کی سطح پر آگیا۔ فاریکس ایسوسی ایشن آف پاکستان کے مطابق منگل یکم ستمبر کو انٹر بینک میں روپے کے مقابلے ڈالر کی قدر میں 15 پیسے کی کمی ریکارڈ کی گئی جس سے ڈالر کی قیمت خرید 165.80 روپے سے گھٹ کر 165.65 روپے اور قیمت فروخت 166 روپے سے گھٹ کر 165.85 روپے کی سطح پر آگئی اسی طرح مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر کی قدر میں 40 پیسے کی کمی واقع ہوئی جس سے ڈالر کی قیمت خرید 166.20 روپے سے گھٹ کر 165.80 روپے اور قیمت فروخت 166.70 روپے سے گھٹ کر 166.30 روپے ہو گئی۔ فاریکس رپورٹ کے مطابق یورو کی قدر میں 50 پیسے کا اضافہ ہوا جس سے یورو کی قیمت خرید 197 روپے سے بڑھ کر 197.50 روپے اور قیمت فروخت 199 روپے سے بڑھ کر 199.50 روپے ہو گئی جب کہ 1.50 روپے کے اضافے سے برطانوی پونڈ کی قیمت خرید 220.50 روپے سے بڑھ کر 222 روپے اور قیمت فروخت 222.50 روپے سے بڑھ کر 224 روپے ہو گئی۔

# یکم ستمبر سے ایل ٹی یو کا دائرہ وسیع

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ایف بی آر کی تنظیم نو کے منصوبے پر عمل درآمد کے لئے اس کے دائرہ اختیارات میں نمایاں تبدیلیاں کی گئی ہیں، ریونیو وصولیوں سے متعلق ہزاروں ممکنہ کیسز کراچی، لاہور اور اسلام آباد میں قائم تین بڑے لارج ٹیکس پیئر یونٹس (ایل ٹی یوز) کے حوالے کر دئے گئے ہیں۔ ریجنل ٹیکس پیئر آفسز (آر ٹی اوز) اب صرف ٹیکس بیس کو وسعت دینے اور تنظیم نو کے نئے طریقہ کار کے تحت ٹیکس دہندگان کو سہولتوں کی فراہمی کے ذمہ دار ہوں گے۔ ایف بی آر نے جاری حکم پر عمل کرتے ہوئے ایل ٹی یو لاہور کو 1100، ایل ٹی یو اسلام آباد کو 750 اور ایل ٹی یو کراچی کو 1500 کیسز حولے کئے ہیں۔ ادارے میں کچھ ذمہ داران کا خیال ہے کہ آر ٹی اوز کو ترک کرنے کا اقدام تباہ کن ثابت ہو گا، آر ٹی اوز کے متعلقہ چیف کمشنرز کے لئے اپنی افادیت ثابت کرنے کا بھی یہ موقع ہے۔ فیڈرل بورڈ آف ریوینیو نے ایف بی آر ایکٹ 2007 کی شق (1) 4 (r) کے تحت آرڈر جاری کیا ہے جس میں فیلڈ دفاتر کے ناموں میں ترمیم کی گئی ہے۔ ناموں میں ترمیم کا اطلاق یکم ستمبر 2020 سے ہو گیا ہے۔ ترمیمی آرڈر کے ذریعے لارج ٹیکس پیئر یونٹ کراچی، لاہور اور اسلام آباد کا نام تبدیل کر کے لارج ٹیکس پیئر آفس کراچی، لاہور اور اسلام آباد کر دیا گیا ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# لیبل ٹیک چائنا کے اسٹیکر کی مقبولیت میں اضافہ



















گذشتہ دنوں ممتاز انڈنٹنگ فرم میسرز اے ٹی سی پاکستان (پرائیوٹ) لمیٹڈ کے چائنا سے درآمد شدہ لیبل ٹیک برانڈ اسٹیکر پیپر مارکیٹ میں متعارف کرانے کے موقع پر لی گئی تصاویر۔ اس اسٹیکر پیپر کے بارے میں سینئر پیپر مرچنٹ محمد اسلم احمد نے کہا ہے کہ لیبل ٹیک کی مقبولیت میں تیزی سے اضافہ ہورہا ہے کیونکہ اسے پاکستانی ضروریات کے مطابق خصوصی طور پر تیار کرایا گیا ہے۔ چیف ایگزیکٹیو میسرز اے ٹی سی پاکستان عابد نثار نے کہا ہے کہ لیبل ٹیک کی مقبولیت کو دیکھتے ہوئے جلد ہی سپلائر سے اس کی قیمتوں میں مزید کمی کی کوششیں کی جائیں گی۔ عابد نثار نے تمام دکانداروں کا لیبل ٹیک میں خصوصی دلچسپی پر دکانداروں کا شکریہ ادا کیا ہے۔ تصاویر میں عابد نثار اسٹیکر کے امپورٹرز دکانداران کاشف اشفاق، نذیر احمد، محمد ابراہیم، حاجی عبدالسلام، طلحہ، مدثر اور اسلم حیدر آبادی کو اسٹیکر کے سیمپل دے رہے ہیں، اس موقع پر محمد اسلم احمد بھی موجود ہیں۔



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# پیپر مارکیٹ میں بارشوں سے پیدا ہونے والی صورتحال کی تصویری جھلکیاں













21اگست سے 28اگست 2020 تک کراچی میں ہونے والی ریکارڈ بارشوں سے پورا کراچی پانی میں ڈوب گیا۔ اس دوران کراچی پیپر مارکیٹ کی ابترصورت حال ان تصاویر سے واضح ہے جہاں فیض محمد فتح علی روڈ، شاہراہ لیاقت، طیب جی روڈ، حسن علی آفندی روڈ، حقانی چوک اوراطراف کی گلیوں میں کئی کئی فٹ پانی موجود ہے۔




یہ شمارہ70 گرام IK-035برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111


PAPERLINE
HI - GRADE
PREMIUM PAPER
A4
21x29.7 cm
500 SHEETS
80
GSM
Our Quest Superiority has Made us
Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE
LINE OF PROFESSSIONALISM
Brands of the year Award
IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award
IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
2011-2012
IBM
ISO 9001.2015
CERTIFIED
FOR BOOKING CONTACT
INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT
First ISO 9001.2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com
A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk




5 PERCENT %

CUSTOM DUTY
BENEFITS AS PER
PTA CERTIFICATE

## CARBONLESS PAPER

**NCR, CFB ,CB ,CF ,SC**

Impressions Pindo 2000 is a prenium quality carbonless paper that gives excellent printing and the best intensity performence. Its quality, appearance and the performence are guaranteed to satisfy even the most demanding end user

For booking please contact

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road
Karachi-74000
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award ITS ALL ABOUT CHAMPION

Brands of the year Award ITS ALL ABOUT CHAMPION 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

**SAMPLE** **80 gsm**

# IPM Brand

**Woodfree Offset Printing Paper**

**Origin U.A.E.**

**Regularly Available in all sizes in**

**Folio Sheets & Reel**

**60, 70, 80, 90, 100, 120gsm**

IBM

&

OOCL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on "Hi-White" Sinar Art Paper Indonesia , 113 Gsm. - Contact for Booking **IBM:** 111-426-725

IBM

&

APL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

# ایف بی آر نے مجوزہ انکم ٹیکس ریٹرن فارم جاری کردیا

کراچی (نیوز ڈیسک) ایف بی آر نے مالی سال 2020 اور 2021 کے لیے انکم ٹیکس ریٹرن فارم جاری کردیا، تمام متعلقہ افراد اور کمپنیوں سے فارم پر رائے طلب کرلی گئی، فارم کے مندرجات اور شرائط پر اعتراضات 7 روز تک بھیجے جاسکتے ہیں۔ دستاویز کے مطابق ملازمت سے حاصل ہونے والی آمدن کا علیحدہ سے اندراج کرنا ہوگا۔ دیگر ذرائع سے حاصل ہونے والی آمدن کا بھی علیحدہ سے اندراج کرنا ہوگا۔ بیرون ملک سے آمدن کا علیحدہ اندراج بھی لازمی کردیا گیا۔ زراعت اور مختلف ادائیگیوں کا اندراج الگ خانے میں کیا جائے گا۔ ویلتھ اسٹیٹمنٹ فارم کا حصہ بنادی گئی۔ بیرون ملک سے آمدن کا گراف پر کرنا ہوگا۔ ٹیکس کریڈٹ اور ایڈجسٹبیل ٹیکس علیحدہ سے بیان کرنا ہونگے۔ فائنل ٹیکس، فکس ٹیکس، کم سے کم ٹیکس اور اوسط ٹیکس کا تخمینہ فارم میں درج کرنا ہوگا۔

## ایف بی آر کا انکم ٹیکس آڈٹ کیلئے 10 ہزار کیسز کا انتخاب

اسلام آباد (مہتاب حیدر) ایف بی آر نے ٹیکس سال 2018 کے لئے آڈٹ پالیسی کی منظوری دے دی ہے اور رسک بیسڈ دائرہ کار کی بنیاد پر بے مقصد (رینڈم) قرعہ اندازی کے ذریعہ دس ہزار کیسز کا انتخاب کیا ہے۔ ایف بی آر کے نئے ترجمان ندیم رضوی نے کہا کہ آڈٹ کے لئے کیسز کے انتخاب کو افشا نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ تنخواہ کے ذریعہ آمدن کو آڈٹ میں شامل نہیں کیا گیا ہے تاہم اگر تنخواہ دار شخص کی قابل لا گو آمدن 50 فیصد سے تجاوز کرجاتی ہے تو کیس کی آڈٹ کے ذریعہ جانچ پڑتال کی جاسکتی ہے۔ آڈٹ پالیسی 2019 ان تمام افراد یا طبقات پر لاگو ہوگی جو انکم ٹیکس آرڈننس 2001، سیلز ٹیکس ایکٹ 1990 اور فیڈرل ایکسائز ایکٹ 2005 کے تحت آتے ہیں۔ آڈٹ کے لئے کیسز کا انتخاب نئے تیار کردہ سافٹ ویئر رسک بیسڈ آڈٹ منیجمنٹ سسٹم (آر اے ایم ایس) کے ذریعہ ہوگا۔

## دنیا میں کس کے پاس سب سے زیادہ غیر ملکی زرمبادلہ ہے؟

کراچی (نیوز ڈیسک) زرمبادلہ کے مضبوط ذخائر کسی بھی ملک کے معاشی طور پر مستحکم ہونے کو ظاہر کرتے ہیں اور اس وقت دنیا بھر میں چین 3400 ارب ڈالر کے ساتھ عالمی سطح پر سب سے زیادہ زرمبادلہ رکھنے والا ملک ہے۔ جاپان 1390 ارب ڈالر کیساتھ دوسرے، سوئٹزرلینڈ تیسرے نمبر پر ہے، امریکہ پہلے دس ممالک میں شامل نہیں، آئی ایم ایف کے اعداد و شمار کے مطابق چین میں زرمبادلہ کے ذخائر میں مسلسل اضافے کا رجحان ہے جس کی بڑی وجہ سرمایہ کاری کے شعبے میں چین کی جارحانہ حکمت عملی اور بڑھتی ہوئی برآمدات ہیں۔

## ایف بی آر نے کاروباری برادری کی شکایات دور کرنے کیلئے کمیٹی بنادی

کراچی (بزنس ڈیسک) بزنس کمیونٹی کو ایف بی آر سے درپیش شکایات کے ازالے کے لیے فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے علاقائی سالمیت کمیٹی قائم کردی جو شکایات کے ازالے کے لیے کام کرے گی۔ کمیٹی کی چیئرپرسن کمشنر ان لینڈ ریونیو مسز فرحت قیوم، جب کہ وائس چیئرمین سابق صدر و گروپ لیڈر راولپنڈی چیمبر آف کامرس سہیل الطاف کو مقرر کیا گیا ہے۔ کمیٹی کے قیام کا مقصد ایف بی آر میں علاقائی سطح پر کرپشن اور بے ضابطگیوں کی شکایات کی وجوہ تلاش کرنا اور ان کی روک تھام کے لیے تجاویز و سفارشات مرتب کرنا ہے۔ کمیٹی کے ارکان میں ایڈیشنل کمشنر ان لینڈ ریونیو احسان اللہ، ایڈیشنل کمشنر آئی آر ہیڈکوارٹرز عامر رحمان اور ایس او لیگل آر ٹی او یوسف خان شامل ہیں۔ سہیل الطاف نے کہا کہ وہ ایف بی آر سے متعلق تمام شکایات کے ازالے کی کوشش کریں گے۔

## کراچی میں بارشوں سے سیلابی صورتحال، پیپر مارکیٹ سمیت تمام مارکیٹیں ایک ہفتہ بند رہیں

کراچی (پیپر بزنس نیوز) جمعہ 21 اگست سے شروع ہونے والی بارشوں کے باعث کراچی میں کاروباری سرگرمیاں معطل ہوگئیں اور ہفتہ 22۔ پیپر 24 اگست کو بھی مارکیٹیں بند رہیں۔ اس طرح مسلسل 3 روز بند رہیں جبکہ 25 اگست کو بھی مارکیٹ جزوی طور پر کھلی۔ 26 اگست سے 28 اگست تک ہونے والی بارشوں سے مارکیٹیں پھر بند رہیں اور 31 اگست سے دوبارہ کھلنا شروع ہوئیں۔

## پی آئی اے کے کرایوں میں کمی کا اعلان

کراچی (نیوز ڈیسک) پاکستان کی قومی ایئرلائن پی آئی اے نے کرایوں میں کمی کا اعلان کردیا ہے، تفصیلات کے مطابق پاکستان انٹرنیشنل لائن کی جانب سے کراچی سے اسلام آباد اور لاہور جانے والی پروازوں کے کرایوں میں کمی کا اعلان کیا گیا ہے۔ اس اعلان کے مطابق اسلام آباد اور لاہور کا یکطرفہ کرایہ 7 ہزار 879 روپے مقرر کیا گیا ہے جبکہ سامان کے ساتھ یکطرفہ کرایہ 8 ہزار 543 کردیا گیا ہے، کرایوں میں یہ کمی غیر معینہ مدت تک رہے گی۔


BOHI ART CARD
Hi BULK
210, 250, 300, 350 Gsm.

GOLDEN SUN
MATT & ART PAPER
90, 104, 113, 128, 148 Gsm.

NINGBO BLEACH
Rolls + Sheets

Colour Cards

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandt@ptcl.net





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# پیپر و پیپر بورڈ پر ڈیوٹی و ٹیکسز میں کمی کی جائے، اپما کی وزیر اعظم عمران خان سے اپیل

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے مقامی اخبار میں ایک تہنیتی اشتہار میں عمران خان کی حکومت کے دو سال کامیابی سے مکمل ہونے پر مبارکباد دی ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ وہ اپنے دور حکومت کے اختتام تک ملک کو معاشی ترقی کی سمت لے جائیں گے۔ اپما نے ان سے اپیل کی ہے کہ وہ پیپر و پیپر بورڈ پر عائد بھاری ٹیکسز و ڈیوٹی میں کمی کریں تاکہ ملک میں تعلیم کا فروغ ہو سکے۔ اپما نے اپیل میں کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف نے تعلیمی شعبے میں انقلابی تبدیلیوں کا وعدہ کیا تھا اور اس کے لئے کل جی ڈی پی کا 4 فیصد مختص کرنے کا بھی وعدہ کیا تھا جو دنیا کے دوسرے ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ممالک سے خاصا کم ہے۔ اپما نے کہا ہے کہ پاکستان میں خواندگی کی شرح انتہائی کم ہے جس کی ایک وجہ تعلیم میں استعمال ہونے والے پیپر و گتہ پر زیادہ شرح کی ڈیوٹی و ٹیکسز ہیں لہذا تعلیم کے فروغ کے لئے تعلیمی اخراجات کا کم ہونا ضروری ہے جس کے لئے پیپر و بورڈ پر عائد ڈیوٹی و ٹیکسز میں کمی لازمی ہے۔

## سارک چیمبر ختم، نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاک بھارت کشیدگی نے سارک کا خاتمہ کر دیا۔ پاکستان اور بھارت کے مابین سیاسی اور سفارتی کشیدگی کی وجہ سے سارک سیکرٹریٹ نے سارک چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کو غیر فعال کر دیا ہے۔ سارک چیمبر اور اسکے عہدیداروں پر چیمبر کے لائسنس کی تجدید تک اسکا نام استعمال کرنے پر بھی پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ اس سلسلہ میں سارک سیکرٹریٹ کے سارک سیکرٹریٹ کے ڈائریکٹر ایچ آر ٹی فضل الرحمٰن رحمانی نے تمام متعلقہ ممالک اور ان میں کام کرنے والی ذیلی تنظیموں کو تحریری طور پر آگاہ کر دیا ہے۔ مشہور بزنس مین افتخار علی ملک کو ایف پی سی سی آئی کے صدر انجم نثار اور سابق صدر دارو خان اچکزئی سے معاہدے کے بعد سارک چیمبر کا صدر نامزد کیا گیا تھا مگر سارک سیکریٹریٹ نے اپنی تاریخ میں پہلی بار اسے کام کرنے سے روک دیا ہے۔ اب اس چیمبر کی بحالی کا فیصلہ سارک کی قائمہ کمیٹی کرے گی جس میں تمام سارک ممالک کے سیکرٹری خارجہ شامل ہیں تاہم ابھی تک اس میٹنگ کا کوئی ایجنڈا طے نہیں کیا گیا ہے۔

## حوالہ ہنڈی کے کاروبار میں ملوث 3 افراد گرفتار

لاہور (نیوز ڈیسک) ایف آئی اے نے غیر قانونی حوالہ ہنڈی کے کاروبار میں ملوث 3 افراد کو گرفتار کر لیا، 2 افراد کو ساہیوال اور ایک کو ایئر پورٹ امیگریشن سے گرفتار کیا گیا، تینوں افراد سے ملکی و غیر ملکی کرنسی برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق امتیاز اور اخلاق کو ساہیوال کے علاقہ سے گرفتار کیا گیا جن سے 11 لاکھ روپے سے زائد کی رقم اور ریکارڈ بک برآمد کی گئی۔

## کاروباری افراد کے انکم ٹیکس ریفنڈ کی ادائیگی کی تیاریاں

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) حکومت نے زیر التواء انکم ٹیکس ریفنڈز جاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے اعلامیہ جاری کیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ حکومت پاکستان نے کاروباری حضرات کی سہولت کے لئے طویل عرصے سے زیر التواء انکم ٹیکس ریفنڈ جاری کرنے کا سلسلہ شروع کر دیا ہے۔ تمام ٹیکس گزاروں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ قانونی تقاضے پورے کرنے کے لئے اپنے متعلقہ ریجنل ٹیکس آفس سے فوری رابطہ کریں۔


# ضروری اطلاع

معزز قارئین کرام!

ہفت روزہ پیپر بزنس گذشتہ 32 سالوں سے آپ کے کاروباری رابطے کا ذریعہ ہے اور اس کی ملک بھر میں تیزی سے ترسیل کی ہر ممکن کوشش کی جاتی ہے۔ اسی لئے ہم نے کوریئر کمپنیز سے معاہدے کے تحت آپ کو یہ سہولت فراہم کی تھی اور ہم کراچی کے سبسکرائبر سے مبلغ =/1800 روپے جبکہ بیرون کراچی سے مبلغ =/2000 روپے سالانہ بمعہ کوریئر چارجز وصول کر رہے تھے۔ لیکن کوریئر کمپنیز اور محکمہء ڈاک مسلسل اپنے چارجز میں اضافہ کر رہے ہیں۔ اس لئے اگر ہم کراچی کے سبسکرائبر کو بذریعہ کوریئر سال میں 45 شمارے بھی ارسال کرتے ہیں تو کم از کم چارجز 40 روپے فی شمارہ کے حساب سے (=/40x45=1800) روپے ہمیں کوریئر کی مد میں ادا کرنے پڑتے ہیں۔ اسی طرح بیرون کراچی کے چارجز 60 روپے فی شمارہ کے حساب سے (=/60x45=2700) روپے کوریئر کی مد میں بنتے ہیں جبکہ ہم وصول =/2000 روپے کر رہے ہیں۔ یعنی ہم 700 روپے کی سبسڈی صرف کوریئر کی مد میں دے رہے ہیں، شمارہ انہیں اعزازی ہی جا رہا ہے۔ اب کوریئر کمپنی نے یکم اگست 2020 سے ان نرخوں میں مزید اضافے کا اعلان کر دیا ہے جو اب ادارہ کے لئے ناقابل برداشت ہے۔

لہذا ہمارے وہ سبسکرائبر جو بذریعہ پرائیوٹ کوریئر شمارہ حاصل کر رہے ہیں ان کے لئے یکم اگست 2020 سے مندرجہ ذیل انتظامات کئے گئے ہیں، سبسکرائبران میں سے کسی ایک طریقہء کار کو اختیار کر سکتے ہیں۔

1۔ ان کو بذریعہ محکمہ ڈاک پرنٹ ایڈیشن حسب معمول ارسال کیا جائے گا۔ یا

2۔ جو سبسکرائبر اس کی فوری الیکٹرانک کاپی حاصل کرنا چاہتے ہیں تو انہیں مکمل میگزین کی PDF فائل بذریعہ WhatsApp یا E-mail بغیر کسی اضافی چارجز کے پرنٹ ایڈیشن شائع ہونے کے 24 گھنٹے کے اندر اندر ارسال کر دی جائے گی۔ آپ اپنا WhatsApp نمبر یا E-mail ایڈریس مندرجہ ذیل E-mail ایڈریس پر فراہم کر دیں۔ weeklypaperbusiness@gmail.com

3۔ جو سبسکرائبر اپنی کوریئر سروس جاری رکھنا چاہتے ہیں اور پرنٹ ایڈیشن حاصل کرنا چاہتے ہیں انہیں مزید =/1000 روپے اضافی ادا کرنا ہوں گے۔

اب نئے چارجز برائے کراچی 2500 روپے سالانہ معہ کوریئر چارجز اور بیرون کراچی 3000 روپے سالانہ معہ کوریئر چارجز ہوں گے۔

اس سلسلے میں مزید تفصیلات کے لئے موبائل/ واٹس ایپ نمبر 0308-2933229 اور ای میل weeklypaperbusiness@gmail.com پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

**سرکولیشن ڈپارٹمنٹ، ہفت روزہ پیپر بزنس، کراچی۔**

***A-144, First Floor, Bhayani Centre, Block-M, North Nazimabad, Karachi-Pakistan.***





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# ٹیکس ایمنسٹی اسکیم سے فائدہ لینے والوں کا آڈٹ نہیں ہوگا، ایف بی آر

اسلام آباد (نمائندہ جنگ) انٹیلی جنس و انویسٹی گیشن میں کیسز، 2018اور 2019 کی ٹیکس ایمنسٹی اسکیم سے مستفید ہونیوالوں کا ٹیکس آڈٹ نہیں ہوگا، وفاقی، صوبائی اور مقامی حکومتوں کے ادارے بھی ٹیکس آڈٹ سے خارج ہونگے، تنخواہ اور پنشن پر قابل ٹیکس آمدن کے 50فیصد سے متجاوز آمدن کا بھی ٹیکس آڈٹ نہیں ہوگا، فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ٹیکس سال 2018 کیلئے آڈٹ پالیسی 2019 کی منظوری دیدی ہے۔ آڈٹ پالیسی 2019 کا اطلاق انکم ٹیکس آرڈیننس 2001، سیلز ٹیکس ایکٹ 1990 اور فیڈرل ایکسائز ایکٹ 2005 کے تحت رجسٹرڈ افراد پر ہوگا، ٹیکس سال 2018 کے تمام ٹیکسز کے لئے کیسز کے انتخاب کا معیار پیرامیٹرک طریقہ کار پر مبنی ہوگا، سائنسی بنیادوں پر کیسز کے انتخاب کیلئے رسک پر مبنی آڈٹ مینجمنٹ نظام نامی سافٹ ویئر ڈیزائن کیا گیا ہے۔ اس سافٹ ویئر کی بدولت ایف بی آر کے لئے ممکن ہوگا کہ وہ زیادہ سے زیادہ عدم تعمیل کرنے والے ٹیکس گزاروں کے کیسز پر توجہ دے سکے اور تعمیل کرنے والے ٹیکس گزاروں کو سہولت دے تاکہ ان کا آڈٹ نظام پر اعتماد کو مزید بہتر بنایا جاسکے۔ ایف بی آر نے کہا ہے کہ جلد ہی رسک پر مبنی پیرامیٹرز کے تحت کمپیوٹر قرعہ اندازی کے ذریعے سال 2018 کے انکم ٹیکس کے لئے تمام فائلرز ماسوائے وہ جن کو خارج کیا گیا ہے۔ کے 0.76 فیصد کیسز کا آڈٹ کیلئے انتخاب کیا جائیگا۔ اسی طرح ایف بی آر تمام فائلرز میں سے سوائے وہ جن کو خارج کیا گیا ہے، سیلز ٹیکس اور فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کیلئے بالترتیب 1.67 فیصد اور 5.65 فیصد کیسز کا آڈٹ کیلئے کمپیوٹر قرعہ اندازی کے ذریعے انتخاب کرے گا، ٹیکس گزاروں کی سہولت کیلئے ایف بی آر نے آڈٹ کے انتخاب سے ٹیکس دہندگان کو خارج ہونے کی مختلف کیٹیگریز کی منظوری دی ہے۔ ان کیٹیگریز میں ایسے تمام کیسز شامل ہیں جن پر ایف بی آر کا انٹیلی جنس اور انوسٹی گیشن ونگ تحقیقات کررہا ہے، ایسے تمام کیسز بھی آڈٹ سے خارج کردیئے جائیں گے جن میں تنخواہ اور پنشن پر قابل ٹیکس آمدن کے 50 فیصد سے تجاوز کرجائے ماسوائے ایسے کیسز جن کی آمدن کاروبار کے ذریعے سے آئے، کمپنیوں کے ڈائریکٹرز اس اخراج کے لئے کوالیفائی نہیں کرتے۔ وہ تمام کیسز جن میں تمام آمدنی حتمی ٹیکس رجیم کے دائرہ کار میں آئے اور وہ تمام کیسز جنہوں نے 2018 اور 2019 ایمنسٹی سکیم کے تحت اثاثے ظاہر کردیئے ہیں وہ بھی آڈٹ کے انتخاب سے خارج کردیئے گئے ہیں۔ وفاقی، صوبائی اور مقامی حکومتوں کے ادارے بھی آڈٹ کے لیے خارج کردیئے گئے ہیں۔ قانون کے مطابق آڈٹ کیلئے متعین پیرامیٹرز خفیہ رکھے جائیں گے۔

## کاروباری مواقع

## TENDERS

### پبلک سیکٹر ادارے کو پیپر درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: PROC-4(1090)2020-21

پیپر امپورٹڈ، A4 سائز۔

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ 21 ستمبر 2020

برائے رابطہ: پروکیومنٹ، اکاؤنٹ آفیسر، پی او بکس، نمبر 3094_اسلام آباد

فون: 051-9321090-30 EXT:3093

### اسٹیٹ لائف کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 05/LZC/2020

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ 18 ستمبر 2020

برائے رابطہ: انچارج پرسونل اینڈ جنرل سروسز ڈپارٹمنٹ، فورتھ فلور، اسٹیٹ لائف اسکوائر، 4 لیٹن روڈ، سینٹرل زون لاہور۔

فون: 042-99210594

### ورچوئل یونیورسٹی کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: LU/20-21/08/459

ڈگری فولڈر کی پرنٹنگ

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ 4 ستمبر 2020

برائے رابطہ: پروکیومنٹ ڈپارٹمنٹ، ایم اے جناح کیمپس، ڈیفنس روڈ آف رائیونڈ، لاہور۔

فون: 042-111-880-880 EXT: 333

### سندھ میں CVT ختم کردیا گیا

کراچی (نیوز ڈیسک) سندھ اسمبلی اجلاس میں سندھ فنانس ترمیمی بل 2020 متفقہ طور پر منظور کرلیا ہے جس کے بعد سندھ میں کیپٹل ویلیو ٹیکس ختم ہوگیا ہے۔ وزیر ریونیو مخدوم محبوب الزماں نے کہا کہ تعمیراتی صنعت، رئیل اسٹیٹ کے شعبوں کو فروغ ملے گا جبکہ ایم کیو ایم کے خواجہ اظہار نے کہا کہ وہ ہولڈنگ ٹیکس بھی ختم کیا جائے۔ تفصیلات کے مطابق پیر کو ایوان نے صوبائی وزیر ریونیو مخدوم محبوب الزماں کا پیش کردہ سندھ فنانس ترمیمی بل 2020ء متفقہ طور پر منظور کرلیا، اس بل کے تحت سندھ میں کیپٹل ویلیو ٹیکس ختم کردیا گیا ہے جس سے تعمیراتی صنعت، رئیل اسٹیٹ کے شعبے کو فروغ ملے گا۔ بل کے تحت حکومت سندھ نے تعمیراتی شعبے کیلئے مختلف مراعات کا اعلان کیا ہے جس سے چالیس صنعتوں کو براہ راست فائدہ ہوگا۔ وزیر ریونیو نے کہا کہ صنعتی سیکٹر کیلئے سندھ حکومت نے 5/ارب ٹیکس کلیکشن کی قربانی دی، اسکا سہرا چیئرمین پیپلز پارٹی کو جاتا ہے، ہماری خواہش ہے کہ وفاق بھی سندھ کے مثبت اقدام کا مثبت جواب دے۔ اپوزیشن لیڈر فردوس شمیم نقوی نے کہا کہ سندھ میں پراپرٹی ٹیکس کی ریکوری بہت زیادہ ہے، دوسرے صوبوں میں کتنا ٹیکس عائد ہے۔ آج دوسرے صوبے زیادہ مراعات دے رہے ہیں اس لئے سرمایہ کار وہاں جارہے ہیں۔

کراچی میں حالیہ بارشوں کے باعث دیگر مارکیٹوں سمیت پیپر مارکیٹ بھی بند رہی جس کے باعث تازہ ترین قیمتیں موصول نہیں ہوئیں۔ لہٰذا قیمتیں 21 اگست کی پوزیشن پر برقرار ہیں، بارشوں کے باعث ہی ہفت روزہ پیپر بزنس کا گزشتہ شمارہ شائع نہیں ہوسکا۔ (ادارہ)

**Stock Lot / Job Lot for Sale**

**Box Board, Offset Paper, Art Paper, Matt Paper, Sticker etc.**

**Damage, Fresh, Leftovers for Sale!**

**As is where is basis**



**Please Contact**

**0300-9246904 0332-2607953**



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

## گڈز ٹرانسپورٹرز کا ایکسل لوڈ قانون پر عمل نہ ہونے کی مذمت

لاہور (بزنس ڈیسک) آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اونرز ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ ہمیں دوبارہ احتجاج اور پہیہ جام کرنے پر مجبور نہ کیا جائے، ایکسل لوڈ قانون پر عمل نہ ہونے کیخلاف اسلام آباد ہائیکورٹ میں توہین عدالت کی درخواست دائر کریں گے، وزارت مواصلات، نیشنل ہائی وے اتھارٹی اور موٹروے پولیس ہمارے تعاون کو کمزوری نہ سمجھیں۔ان خیالات کا اظہار ایسوسی ایشن کے مرکزی رہنما محمد اویس چوہدری ایڈووکیٹ نے گڈز ٹرانسپورٹرز کے ہنگامی اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں لاہور ڈویژن کے جنرل سیکرٹری محمد اظہر قادری، حاجی عارف، حاجی اظہر سراج، چوہدری قمر زمان گل، حاجی الیاس بابر، حاجی ناظم الدین بردی اور دیگر شہروں سے آئے ہوئے ٹرانسپورٹرز نے شرکت کی۔ٹرانسپورٹرز کی باہمی مشاورت کے بعد اویس چوہدری نے کہا کہ 10 ستمبر 2020 کو اسلام آباد ہائی کورٹ میں وزارت مواصلات، نیشنل ہائی وے اتھارٹی، موٹروے پولیس اور پورٹس اتھارٹیز سمیت دیگر بڑی انڈسٹریز کے خلاف توہین عدالت کی درخواست دائر کریں گے۔ اس کے ساتھ ساتھ بھرپور احتجاجی تحریک بھی شروع کی جائے گی اور حالات کی ذمہ داری حکومت پر عائد ہوگی۔

## کسٹمز کو اسمگلنگ کے انسداد کیلئے کارروائیاں تیز کرنے کی ہدایات

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے پاکستان کسٹمز کو سمگلنگ کے انسداد کیلئے کارروائیاں تیز کرنے کی ہدایات جاری کردی ہیں۔ترجمان ایف بی آر نے منگل کو بتایا کہ ملک میں قانونی تجارت کے فروغ اور اسمگلنگ کے انسداد و حوصلہ شکنی کیلئے سخت اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔ترجمان نے بتایا کہ اس ضمن میں پاکستان کسٹمز کی تمام فیلڈ فارمیشنز کو ملک بھر میں سمگلنگ کے انسداد اور بیخ کنی کیلئے سخت اقدامات کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ترجمان نے کہا کہ ایف بی آر ملک میں قانونی اور جائز تجارت کے فروغ اور سمگلنگ کے انسداد و بیخ کنی میں پرعزم ہے اور اس ضمن میں تمام کوششوں کو یقینی بنایا جارہا ہے کیونکہ سمگلنگ کی وجہ سے نہ صرف قومی خزانہ کو نقصان پہنچ رہا ہے بلکہ یہ ملکی معیشت کیلئے بھی نقصان دہ ہے۔ترجمان نے کہا کہ پاکستان کسٹمز اپریزمنٹ کوئٹہ کی جانب اسے اس ضمن میں ایک کارروائی کے دوران 5.8 ملین روپے مالیت کی سمگل شدہ اشیاء کو ضبط کرلیا گیا ہے۔

## نوٹسز کا کلچر ٹیکس نیٹ کے وسیع ہونے میں بڑی رکاوٹ ہے، پاکستان ٹیکس بار

کراچی (نیوز ڈیسک) پاکستان ٹیکس بار اور ریونیو ایڈوائزرز ایسوسی ایشن نے لاہور ہائیکورٹ کی جانب سے پنجاب ریونیو اتھارٹی میں اپیل کے فیصلے تک ٹیکس وصولی کو روکنے کے فیصلے پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ نوٹسز کا کلچر ٹیکس نیٹ کے وسیع ہونے میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے پیٹرن عبدالقادر میمن اور ریونیو ایڈوائزرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین عامر قدیر نے کہا کہ ٹیکس دہندگان کئی طرح کے ٹیکسز ادا کر رہے ہیں جبکہ ادارے ان پر مزید بوجھ بڑھانے کے درپے ہوتے ہیں، جو لوگ ٹیکس نیٹ میں شامل نہیں انہیں کسی طرح کی فکر لاحق نہیں اور ان کا کاروبار بھی پھیل رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ لاہور ہائیکورٹ کی جانب سے پنجاب ریونیو اتھارٹی میں اپیل کے فیصلے تک ٹیکس وصولی روکنے کا فیصلہ قابل ستائش ہے جس سے ٹیکس دہندگان میں پایا جانے والے اضطراب کا خاتمہ ہوگا۔ حکومت ٹیکسیشن کے نظام کو سنگل ڈیجٹ میں لانے سمیت اس کی تعداد میں بھی کمی کرے تاکہ لوگ خوشی سے ٹیکس نیٹ میں شامل ہوں جس سے ہماری معیشت ترقی کرے گی۔

## ایف بی آر نے جلد ضائع ہوجانے والی اشیاء کی کلیئرنس تیز کرنے کی ہدایات کردی

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے صنعتکاروں و مینوفیکچررز کی سہولت کے لیے جلد ضائع ہوجانے والی اشیاء کی کلیئرنس تیز تر کرنے کی ہدایات جاری کردی ہیں۔ایف بی آر کی جانب سے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق تاجروں کی سہولت اور معاونت کی جانب ایک اور قدم بڑھاتے ہوئے ایف بی آر نے پاکستان کسٹمز کی تمام فیلڈ ٹیموں کو ہدایات جاری کردی ہیں کہ وہ جلد ضائع ہونے والی اشیاء کی درآمدی و برآمدی کنسائنمنٹس کی تیز رفتار کلیئرنس یقینی بنائیں۔ چیف کلکٹرز کو ہدایات کی گئی ہیں کہ وہ روزانہ کی بنیاد پر جلد ضائع ہونے والی اشیاء کی کلیئرنس کی نگرانی کریں اور درآمد و برآمد کنندگان کے مسائل ترجیحی بنیاد پر حل کریں۔مزید برآں، چیف کلکٹرز سے یہ بھی کہا گیا ہے کہ وہ جلد ضائع ہونے والی اشیاء کی کلیئرنس میں تاخیر کی مختلف وجوہات مثلاً ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن جیسے دیگر اداروں کی جانب سے این او سی کے اجراء سے متعلق مسائل وغیرہ کی نشاندہی کریں تاکہ تجارتی و صنعتی اداروں کی سہولت و معاونت کے لئے ان اداروں سے رابطہ کیا جاسکے۔ایف بی آر کی ہر ممکن کوشش ہے کہ تجارت میں ہر طرح کی سہولت پیدا کی جائے۔اس کے ساتھ ساتھ تجارتی اداروں کی حوصلہ افزائی کی جارہی ہے کہ وہ جلد ضائع ہونے والی اشیاء کی کنسائنمنٹس کی کلیئرنس سے متعلق کسی بھی مسئلے کے حل کے لئے چیف کلکٹر سے رابطہ کریں۔


**FAIR TRADE** (Pvt) Limited

A Trusted & Reliable Name For Genuine Trading in Paper & Board

Serving Since 1975

